## آزاد کشمیر اسمبلی کے اسپیکر شاہ غلام قادر کی لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید سے ملاقات

## مسئلہ کشمیر، پاکستان کی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال

## مسئلہ کشمیر کے حوالے سے ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا مؤقف اصولی ہے۔شاہ غلام قادر

## 8 اکتوبر 2005ء کو آزاد کشمیر میں آنے والے قیامت خیز زلزلے کے موقع پر ایم کیوایم نے جس بڑے پیمانے پر امدادی سرگرمیاں انجام دی ہیں ان کی کوئی مثال نہیں ملتی۔شاہ غلام قادر

## مسئلہ کشمیر کے سلسلے میں ہونے والے تمام مذاکرات میں کشمیری عوام کے نمائندوں کو ضرور شامل کیا جائے۔طارق جاوید

لندن۔۔۔22 اگست 2008ء۔۔۔آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر شاہ غلام قادر نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید سے ملاقات کی۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد اشفاق، مصطفٰے عزیز آبادی اور سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر سید سردار احمد بھی موجود تھے۔ملاقات میں مسئلہ کشمیر، پاکستان کی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔شاہ غلام قادر نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں کشمیری عوام پر مظالم ڈھائے جارہے ہیں اور کشمیریوں کی آواز کو طاقت سے دبانے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے ضروری ہے کہ پاکستان کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم پر آواز بلند کریں اور اپنے مطالبات میں مسئلہ کشمیر کو بھی شامل کریں۔شاہ غلام قادر نے مسئلہ کشمیر کے حوالے سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے اس اصولی مؤقف کو سراہا کہ مسئلہ کشمیر کے حل کے سلسلے میں پاک بھارت کے درمیان ہونے والے مذاکرات میں کشمیریوں کو ضرور شامل کیا جائے۔شاہ غلام قادر نے 8 اکتوبر 2005ء کو آزاد کشمیر میں آنے والے قیامت خیز زلزلے کے موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے کی جانے والی امدادی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ زلزلے کے متاثرین کیلئے ایم کیوایم نے جس بڑے پیمانے پر امدادی سرگرمیاں انجام دی ہیں ان کی کوئی مثال نہیں ملتی اور مصیبت زدہ کشمیریوں کیلئے ایم کیوایم کی یہ خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینر طارق جاوید نے کہا کہ ایم کیوایم کشمیری عوام کی جائز جدوجہد کی مکمل حمایت کرتی ہے اور اس حوالے سے ایم کیوایم کا مؤقف بالکل واضح ہے کہ کشمیر، کشمیریوں کا ہے لہٰذا مسئلہ کشمیر کے سلسلے میں ہونے والے تمام مذاکرات میں کشمیری عوام کے نمائندوں کو ضرور شامل کیا جائے اور مسئلہ کشمیر کو کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق حل کیا جائے۔

## واہ کینٹ بم دھماکوں میں شہید ہونے والوں کی اجتماعی نماز جنازہ میں ایم کیوایم کے رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی کی شرکت

## شہید ہونے والے افراد کی مالی معاونت کی جائے اوران کے بچوں کو باعزت روزگار فراہم کیا جائے، اقبال محمد علی

## اقبال محمد علی کی آرڈی نینس فیکٹری کے چیئرمین جنرل صباحت حسین سے ملاقات کی، بم دھماکوں میں فیکٹری کے متعدد بے گناہ ملازمین کی شہادت پر اظہار تعزیت

واہ کینٹ۔۔۔22، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی نے واہ کینٹ میں پاکستان آرڈی نینس فیکٹری میں ہونے والے خودکش بم دھماکوں میں شہید ہونے والے افراد کی اجتماعی نماز جنازہ میں شرکت کی اور اسپتال جاکر زخمیوں کی عیادت کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اقبال محمد علی نے کہا کہ اس واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، دہشت گردی کی اس واردات میں معصوم و بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنایا گیا ہے انتہاء پسندوں کے اس گھناؤنے عمل سے کسی بھی طرح مذہب اور پاکستان کو بدنام ہونے سے نہیں بچایا جاسکتا۔انہوں نے کہا کہ آرڈی ننس فیکٹری پر حملہ پاکستان کی سلامتی پر حملہ ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ خودکش بم دھماکوں میں شہید اور زخمی ہونے والے افراد کے خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔اقبال محمد علی نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ خودکش بم دھماکوں سے عام افراد کی زندگی کو محفوظ بنانے کیلئے جدید سائنسی آلات کا استعمال کیا جائے، انتہاء پسندوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے، متاثرین کی مالی معاونت کی جائے اور شہید ہونے والے افراد کے بچوں کو باعزت روزگار فراہم کیا جائے۔اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب کے ڈپٹی آرگنائزر زاہد ملک، آرگنائزر راولپنڈی متین خان اور واہ کینٹ کے کارکنان بھی انکے ہمراہ تھے۔دریں اثناء اقبال محمد علی نے پاکستان آرڈی نینس فیکٹری کے چیئرمین میجر جنرل صباحت حسین سے ملاقات کی اور بم دھماکوں میں فیکٹری کے متعدد بے گناہ ملازمین کی شہادت پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ خودکش بم دھماکے کرنے والے اسلام کی خدمت نہیں کررہے ہیں بلکہ اس کو بدنام کررہے ہیں اور کوئی بھی مسلمان اس قسم کی درندگی نہیں کرسکتا۔پی او ایف کے چیئرمین جنرل صباحت حسین نے بم دھماکوں پر قائد تحریک

جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت کیلئے رکن قومی اسمبلی اقبال محمد علی کو بھیجنے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پی او ایف واہ کینٹ کے تمام محنت کش ایم کیو ایم کے انتہائی مشکور ہیں کہ ہمیں مصیبت کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم نے یاد رکھا اور ہمارے غم میں شریک ہوئی جس سے ہمیں حوصلہ ملا ہے۔اس موقع پر پی او ایف اسپتال کے کمانڈنٹ بریگیڈیئر ارشد اور دوسرے اعلیٰ حکام بھی موجود تھے

## ایم کیو ایم کے کارکنوں نے واہ کینٹ میں ہونے والے خودکش بم دھماکے کے زخمیوں کیلئے خون کے عطیات دیئے

واہ کینٹ ۔۔۔22، اگست 2008ء۔۔۔پاکستان آرڈی نینس فیکٹری میں ہونے والے خودکش بم حملوں کے بعد متحدہ قومی موومنٹ واہ کینٹ کے کارکنان نے امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور خون کے عطیات دیئے۔پاکستان آرڈی نینس فیکٹری میں خودکش بم دھماکوں کے بعد زخمیوں کے علاج ومعالجہ کیلئے سب سے پہلے خون کا عطیہ بھی ایم کیو ایم واہ کینٹ کے کارکن صوفی منیر نے دیا۔

## میر پور خاص کے حق پرست تعلقہ ناظم غلام دستگیر نے آٹا چوری کے الزام میں گرفتار ہونے والے بچہ کے گھر میں ایک ماہ کا راشن ڈلوایا

## معاشی حالات اور بیروزگاری کے باعث غربت میں اضافہ ہورہا ہے،حکومت ٹھوس اقدامات کرے،غلام دستگیر

میر پور خاص۔۔۔22، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر میر پور خاص کے حق پرست تعلقہ ناظم غلام دستگیر خان اور نائب ناظم شفیق احمد نے آٹا چوری کے الزام میں گرفتار ہونے والے 10 سالہ بچہ گوردن کی رہائشگاہ کا دورہ کیا اور غریب خاندان کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ایک ماہ کا مکمل راشن فراہم کیا۔انہوں نے کہا کہ اخبارات اور ٹی وی چینلز پر بچے کی گرفتاری کی خبر آتے ہی قائد تحریک جناب الطاف حسین نے انہیں ہدایت کی وہ مذکورہ خاندان کی دادرسی کیلئے جائیں اور انہیں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ایک ماہ کا راشن فراہم کریں اور انکی ہر ممکن مدد کریں۔حق پرست تعلقہ ناظم غلام دستگیر نے بچہ کے اہل خانہ سے بات چیت کرتے ہوئے انہیں ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریشن میر پور خاص میں نوکری دینے کی یقین دہانی بھی کرائی۔انہوں نے کہا کہ ملک کے بگڑتے ہوئے معاشی حالات اور بیروزگاری کے باعث غربت میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اور غربت کا شکار گوردن نامی بچہ کی جانب سے آٹا چوری کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام غربت اور بے روزگاری سے تنگ آچکے ہیں۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ غربت اور بے روزگاری کے خاتمہ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔اس موقع پر گوردن کے اہل خانہ نے جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کیلئے دعائیں کیں۔

## این ای ڈی میں جماعت اسلامی کے دہشت گردوں کی غنڈہ گردیاں قابل مذمت ہیں،ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔22، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے جامعہ این ای ڈی میں اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر جماعت اسلامی کے مسلح دہشت گردوں کے حملے اور متعدد کارکنان کو زخمی کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز اے پی ایم ایس او کے کارکنان جامعہ این ای ڈی میں فیئر ویل کی تیاریوں میں مصروف تھے کہ جماعت اسلامی کی بغل بچہ طلباء تنظیم اسلامی جمعیت طلباء کے دہشت گردوں نے انہیں بلاجواز تشدد کا نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں اے پی ایم ایس او کے کارکنان سعید، ذیشان، طلحہ اور فیضان شدید زخمی ہوگئے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی دنوں سے اسلامی جمعیت کے مسلح غنڈے جامعہ کراچی اور جامعہ این ای ڈی کا تعلیمی ماحول خراب کررہے ہیں جس کے باعث جامعہ کراچی کی انتظامیہ کی جانب سے ہفتہ طلباء منسوخ کردیا ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی کے تعلیمی اداروں میں جمعیت کی غنڈہ گردیوں کا نوٹس لیا جائے اور اے پی ایم ایس او کے کارکنان کو تشدد کا نشانہ بنانے والے جمعیت کے غنڈہ عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

## ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22، اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 143-B کے کارکن وسیم اختر قریشی کی والدہ محترمہ اشرف بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆